34842 ـ مجهول فوجی کی یادگار نصب کرنے کا حکم

سوال

اس دور میں مجهول فوجی کی یادگار نصب کرنے کی اصطلاح چل رہی ہے اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

وی آئی پی افراد جنہیں ملك کی تعمیر و ترقی یا علمی یا سیاسی و اقتصادی مقام حاصل ہو ان کے نام کی یادگار نصب کرنا یا جسے مجهول فوجی کی یادگار کا نام دیا جا رہا ہے جیسا عمل کرنا جاہلیت کے اعمال میں شمار ہوتا ہے، اور یہ ان افراد میں غلو اور حد سے تجاوز شمار ہوتا ہے.

اسی لیے دیکھا جاتا ہے کہ جب وہ اس کی یاد میں اس کے مجسمے کے پاس تقریب کا انعقاد کرتے ہیں تو اس کی عزت کے لیے اس پر پھول نچھاور کرتے اور اسے پھولوں کے ہار پہناتے ہیں یہ بالکل پہلے دور جاہلیت کی بت پرستی کے مشابہ ہے، اور شرك اکبر کی جانب وسیلہ ہے، اللہ اس سے محفوظ رکھے.

اس لیے عقیدہ توحید کی حفاظت کرتے ہوئے اور بغیر کسی ضرورت کے اسراف کرنے سے اجتناب کرتے ہوئے اس تقلید اور نقالی کو ختم کرنا واجب و ضروری ہے، اور کفار سے ان کی عادات و رسم و رواج میں تقلید کرنے میں کوئی خیر و فلاح نہیں بلکہ یہ شر اور برائی کا پیش خیمہ ہے.